احکامِ شریعت
امام اہلسنت اعلیحضرت احمد رضا خان بریلوی
علیہ الرحمۃ
شبیر برادرز اردو بازار لاہور

مسلک اہلسنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

# احکامِ شریعت

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

دیباچہ و موضوع بندی

علامہ عالم فقری

شبیر برادرز ۴۰۔ بی اردو بازار لاہور

نام کتاب ———— احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ———— اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی
ترجمہ عربی ———— محمد اول قادری چشتی
دیباچہ سوانح مصنف ———— عالم فقری
تعداد طبع اوّل ———— ایک ہزار
سال طباعت ———— ۱۹۸۴ء
زیر نگرانی ———— جناب حاجی انور اختر صاحب
ناشر ———— شبیر برادرز
اردو بازار لاہور
قیمت ———— ۵۷/- روپے
مطبوعہ ———— خادم پرنٹرز اردو بازار لاہور

باہر آیا اور ملاقات کی چلتے وقت اکیاون روپیہ انھوں نے دیے حالانکہ ضرورت صرف پچاس روپیہ کی تھی یہ اکیاون یوں تھے کہ ایک روپیہ فیس منی آرڈر کا بھی تو دینا پڑتا غرض صبح کو فوراً منی آرڈر کر دیا۔

**مؤلف**۔ یہ ہے یرزقہ من حیث لا یحتسب ۔

**عرض**۔ ادنیٰ درجہ علم باطن کیا ہے۔

**ارشاد**۔ حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک بار سفر کیا اور وہ علم لایا جسے خواص وعوام سب نے قبول کیا۔ دوبارہ سفر کیا اور وہ علم لایا جسے خواص نے قبول کیا عوام نے نہ مانا۔ سہ بارہ سفر کیا اور وہ علم لایا جو خواص و عوام کسی کی سمجھ میں نہ آیا۔

یہاں سفر سے سیر اقدام مراد نہیں بلکہ سیر قلب ہے اُن کے علوم کی حالت تو یہ ہے اور ادنےٰ درجہ اُن سے اعتقاد اُن پر اعتماد و تسلیم ارشاد جو سمجھ میں آیا فبہا ورنہ کل من عند ربنا وما یذکر الا اولوا الالباب ۝ حضرت شیخ اکبر اور اکابر فن نے فرمایا ہے کہ ادنیٰ درجہ علم باطن کا یہ ہے کہ اس کے عالموں کی تصدیق کرے کہ اگر نہ جانتا تو ان کی تصدیق نہ کرتا نیز حدیث میں فرمایا ہے اغد عالما او متعلما او مستمعا او محبا ولا تکن الخامس فتھلک ۔ صبح کر اس حالت میں کہ تو خود عالم ہے یا علم سیکھتا ہے یا عالم کی باتیں سنتا ہے یا ادنیٰ درجہ یہ کہ عالم سے محبت رکھتا ہے اور پانچواں نہ ہونا کہ ہلاک ہو جائے گا۔

**عرض**۔ کیا واعظ کا عالم ہونا ضروری ہے۔

**ارشاد**۔ غیر عالم کو وعظ کہنا حرام ہے۔

**عرض**۔ عالم کی کیا تعریف ہے۔

**ارشاد**۔ عالم کی تعریف یہ ہے کہ عقائد سے پورے طور پر آگاہ ہو اور مستقل ہو اور اپنی ضروریات کو کتاب سے نکال سکے بغیر کسی کی مدد کے

**عرض**۔ کتب بینی بھی سے علم ہوتا ہے۔